© rasailojaraid.com



# تبصرے

**سرگذشتِ حاتم** مرتبہ سید محی الدین صاحب قادری زور، تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۸ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت دو روپیہ پتہ:۔ سب رس کتاب گھر خیریت آباد حیدر آباد دکن۔

شاہ ظہور الدین حاتم اردو کے ان قدیم شعرا میں سے ہیں جنھوں نے ولی دکھنی کے تتبع میں مستقلاً اردو شاعری شروع کی اور اس کو پروان چڑھایا۔ اور اپنے بعد شاگردوں کا ایک وسیع حلقہ چھوڑ گئے جنھوں نے اردو شاعری کی انگلی پکڑ کر اسے اور آگے بڑھایا۔ زور صاحب نے اس کتاب میں آپ کے ہی حالات وسوانح خصوصیاتِ کلام اور بعض اور متعلقہ مباحث پر روشنی ڈالی ہے۔ اندازِ گفتگو محققانہ ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد کے بیانات پر اس ذیل میں خاص تنقید ہوگئی ہے۔ مرحوم حاتم کا مجموعۂ کلام "دیوان زادہ" بھی ادارۂ ادبیات کے زیر اہتمام طبع ہو رہا ہے۔ دیوان زادہ کے ساتھ سرگذشت حاتم کا مطالعہ اردو زبان وادب کی تاریخ کے طالب علم کے لئے بہت مفید و سودمند ہوگا۔

**عالمِ آشوب** از حضرتِ سیماب اکبر آبادی۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۸۴ صفحات، کتابت و طباعت دیدہ زیب اور اعلیٰ قیمت مجلد ہے پتہ:۔ مکتبہ قصر الادب دفتر "شاعر" آگرہ

حضرت سیماب اکبر آبادی عہدِ حاضر کے مشہور شاعر و سخنور ہیں۔ آپ کی مہارتِ فن پختہ کاری اور جبلی استعداد شعر گوئی مخالفین تک کو بھی تسلیم ہے۔ قدرتِ بیان اور موزونیتِ طبع کا یہ عالم ہے کہ اردو شاعری کی کوئی صنف ایسی نہیں ہے جس میں آپ نے دادِ سخن نہ دی ہو۔ اور جس میں اپنا مخصوص اور انفرادی رنگ قائم رکھنے میں کامیاب نہ ہوئے ہوں۔ پھر آپ کی شعر گوئی محض شعر گوئی کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ اس کا مقصد زندگی میں ایک ہمہ گیر اور صالح انقلاب کی مسلسل و پیہم دعوت ہے۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب جو موصوف کی تین سو سے



© rasailojaraid.com